**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX**

**ANNUAL EXAMINATIONS 2022**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 10 minutes Marks: 45**

Examinations 2022 for Teach Learning Only

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

**خصوصی ہدایت**

2۔ اس پرچے میں کل **پانچ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چَوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین () میں دیے گئے ہیں۔

**حصہ نثر:**

سوال۔1 (کل 7 نمبر)

(الف) ''پڑھنا آتا ہو تو کتاب ہاتھ میں لی، جس ملک کی چاہا سیر کر آئے۔ پڑھنا حاضرات کا ایک عجیب و غریب علم ہے۔ جس کو چاہا پکڑ بلایا اور اُسی سے باتیں کرنے لگے۔''

(مجموعۂ نظم ونثر: 'صبح خیزی اور پڑھنے کے فائدے' از: ڈپٹی نذیر احمد)

درج بالا نثر پارے کے مفہوم کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے خط کشیدہ حصوں کی وضاحت کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) ''مجموعۂ نظم و نثر میں موجود سبق 'قائدِ اعظم اور نظم و ضبط' قدرت اللہ شہاب کی آپ بیتی 'شہاب نامہ' سے ماخوذ ہے۔ اِس تحریر میں قدرت اللہ شہاب کی قائدِ اعظم سے ہونے والی ملاقات کے آئینے میں ہمیں یہ نصیحت ملتی ہے کہ ہر کام کو سلیقے اور حکمتِ عملی سے کرنا چاہیے۔ احتیاط سے کام نہ لیا جائے تو فائدے کے بہ جائے نقصان کا اندیشہ رہتا ہے۔''

درج بالا رائے کے پسِ منظر میں اپنے ذاتی تجربے یا مشاہدے سے کوئی **ایک** ایسا واقعہ تحریر کیجیے، جس میں سلیقے اور حکمتِ عملی کو نظر انداز کرنے کی صورت میں نقصان یا پریشانی کا سامنا کرنا پڑا ہو۔ (2 نمبر)

Annual Examinations 2022
Teaching & Learning Only

(ج) مجموعۂ نظم و نثر میں موجود سبق ’نام دیو۔مالی‘ اردو ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟ نیز اُس صنف کی وضاحت میں دو نِکات تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

**حصۂ نظم:**

سوال۔2 (کل 8 نمبر)

(الف)

اُسی نور سے دفعِ ظلمت ہوئی
سرافراز ایماں سے خلقت ہوئی

اصطلاحاتِ شعری 'قافیہ' اور 'ردیف' میں سے کسی **ایک** اصطلاح کی تعریف بیان کرتے ہوئے درج بالا شعر میں سے اُس اصطلاح کی نشان دہی کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) مجموعۂ نظم و نثر میں شامل نظم 'صبح کا منظر' بہ لحاظِ موضوع کس صنفِ سخن سے تعلق رکھتی ہے؟ نیز اُس صنفِ سخن کی تعریف بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

(ج) مجموعۂ نظم و نثر میں شامل نظم 'برسات کا تماشا' میں شاعر نظیر اکبر آبادی نے موسمِ برسات کی بڑی خوبی سے منظر کشی کی ہے۔
آپ اس نظم میں پرندوں کے حوالے سے مذکورہ کوئی بھی دو باتیں تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

(د)

ہر بات پر جو کہتا رہا میں ''بجا! بجا!''
اُس نے کہا کہ یوں ہی مسلسل بجا کرو

(مجموعۂ نظم و نثر: 'میں نے کہا اُس نے کہا' از: دلاور فگار)

نظم کے مفہوم کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درج بالا شعر کی تشریح کیجیے۔ (2 نمبر)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

**تبصرہ نگاری:**

سوال۔3 (کل 7 نمبر)

انسان فطری طور پر معاشرتی زندگی گزارنے کا خوگر (عادی) ہے۔ باہمی میل جول، تعلقات و روابط اور دوست و احباب کی تلاش میں رہتا ہے تاکہ اِس معاشرے میں اپنا کردار ادا کر سکے۔ دوست انسان کی شخصیت سازی میں انتہائی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ دوست کی صحبت اور ہم نشینی انسان پر گہرا اثر ڈالتی ہے۔ بہت سے لوگ ایسے ہیں جن کے ناکارہ اور کم عقل دوستوں نے ان کو ایسی خسارت میں مبتلا کیا جس کا اِزالہ کرنا بھی ناممکن ہوتا ہے اور بہت سے ایسے لوگ بھی ہیں جنھوں نے اچھے اور صدیق دوست ہونے کی وجہ سے انحراف اور فساد سے نجات پائی۔

www.urduweb.org/mehfil/threads

درج بالا اقتباس کے پس منظر میں دوستی پر تبصرہ کرتے ہوئے دوستوں کے سبب ہونے والے فوائد اور نقصانات واضح کیجیے۔ نیز دوستوں کے انتخاب میں جن باتوں کو مدِ نظر رکھنا چاہیے اُن میں سے دو نِکات شاملِ تحریر کیجیے۔

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

## تخلیقی تحریر:

سوال۔4 (کل 15 نمبر)




دیے گئے تصویری خاکے کے پسِ منظر میں کہانی تحریر کیجیے۔

**ہدایات:**

1۔ کہانی نویسی کے اہم عناصر کو ملحوظ رکھیے۔ نیز اپنی تحریر کو عنوان دیجیے۔

2۔ دورِ حاضر کے واقعات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ماضی اور حالیہ کھیلوں کے موازنے سے بچوں میں بدلتے ہوئے رجحانات اور ان کی جسمانی صحت پر پڑنے والے اثرات کے تناظر میں تحریر کا احاطہ کیجیے۔

3۔ تصویر کی جزئیات کا بہ غور جائزہ لیتے ہوئے بچوں میں مشاغل کی تبدیلی کا سبب سامنے لائیے۔ نیز نفسِ مضمون کے اعتبار سے کوئی رائے یا تجویز شامل تحریر کیجیے۔

4۔ طنز و مزاح کی خوبی کو اپنی تحریر کا حصہ بنائیے۔

کہانی

عنوان: ____________________

____________________

____________________

____________________

Annual Examination
Teaching & Learning

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

## غیر رسمی خط:

سوال۔5 (کل 8 نمبر)

آپ کے پڑوسی کے یہاں اُن کے بچے وقت بے وقت کھیل میں لگے رہتے ہیں اور خوب شور شرابا کرتے ہیں، جس کے سبب آپ کے آرام اور پڑھائی میں بہت خلل واقع ہوتا ہے۔ آپ کے محلے کے دیگر رہائشی بھی ان بچوں کی شرارتوں سے پریشان ہیں۔

درج بالا معاملے کے پسِ منظر میں آپ اپنے پڑوسی گھر کے سرپرست کے نام خط لکھیے، جس میں درج ذیل نِکات شاملِ تحریر ہوں:

- آپ کا اپنا تعارف اور مسئلے کی جانب لے جاتی تمہید،
- بچوں کی شرارتوں کے حوالے سے مجموعی تذکرہ،
- بچوں کی شرارت کے سبب آپ کے آرام میں خلل کا واقعہ،
- بچوں کی شرارت کے سبب آپ کی پڑھائی میں مشکلات کا ذکر۔

Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning Only

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

اختتام

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only